اخبار الرایہ

شمارنمبر 604

(17-جون-2026)

(عربی سے ترجمہ)

ایران کے ساتھ مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کرنے سے امریکہ کے نقصانات 2
اقتصادی فورم کے اجلاس کے دوران روس پر یوکرین کے حملے 7
اے مسلم افواج، تم جوابدہ ہو 14
ریاستِ خلافت میں انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشنز ٹیکنالوجی (اطلاعات ومواصلات کی ٹیکنالوجی) 16
حزب التحریر آپ کو ایک عظیم شرعی فریضے اور بلند مرتبت اعزاز کی طرف پکار رہی ہے 18
لفظی گولہ باری اور جغرافیائی سیاسی حقائق کے درمیان: ترکیہ اور یہودی وجود کے تعلقات کس سمت جا رہے ہیں؟............ 19
جنوبی کوریا میں پچاس افریقی وزراء کی میزبانی اس کے معاشی اور علاقائی وزن کی عکاس ہے 24
عراق کے عوام کی تکالیف کا حل اس کے موجودہ نظام سے نہیں نکلے گا 27
فدان کا علاقائی سیکورٹی ڈھانچہ: مسلم افواج اور دولت کے ذریعے یہودی وجود کے تحفظ کا امریکی منصوبہ! 28
تائیوان: چینی اشتعال انگیزی اور امریکی الجھن کے درمیان 31
جنوبی یمن میں عوامی احتجاج: عوام پر ظلم وستم جاری رکھنے والے حکمرانوں کی پالیسیوں کا نتیجہ 36
ہمیں اپنے بچوں میں کفر کے سرکردہ لیڈروں: امریکہ اور برطانیہ کے خلاف دشمنی پیدا کرنی چاہیے 41

ہم، اخبار الرایہ کی انتظامیہ، نئے ہجری سال 1448ھ کی آمد کے موقع پر پوری امتِ مسلمہ کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ ہم اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ وہ اسے اپنی نصرت سے نوازے اور زمین پر اس (دین) کو تمکن اور استحکام عطا فرمائے۔ دشمنوں کی منظم دشمنی اور حملوں کے نتیجے میں امت جس زبوں حالی کا شکار ہو چکی ہے اسے یاد دلاتے ہوئے، ہم امت کو پکارتے ہیں کہ وہ اپنے ارادوں کو مضبوط کرے اور ہمارے ساتھ مل کر نبوت کے نقشِ قدم پر دوسری خلافتِ راشدہ کے قیام کی جدوجہد کرے۔ ہمارا پختہ یقین ہے کہ یہی وہ ادارہ ہے جو امت کو اس کا سابقہ مقام "بہترین امت" کے طور پر واپس دلائے گا جو بنی نوع انسان (کی رہنمائی) کے لیے پیدا کی گئی ہے، اور اسے اس قابل بنائے گا کہ وہ اپنی سرزمینوں سے کفار اور استعماری مغربی ممالک کے اثر و رسوخ کا خاتمہ کر سکے۔

اداریہ

ایران کے ساتھ مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کرنے سے امریکہ کے نقصانات

تحریر: استاد اسعد منصور

(ترجمہ)

11 جون 2026 کو، امریکی صدر ٹرمپ نے بیان دیا، "مجھے نہیں معلوم کہ آپ نے یہ سنا ہے یا نہیں، لیکن ہم نے آج ایران کے ساتھ جنگ ختم کر دی ہے۔ وہ اس بات پر راضی ہو گئے ہیں کہ وہ کبھی ایٹمی ہتھیار حاصل نہیں کریں گے، یہ وہ چیز تھی جس پر ہم نے اصرار کیا تھا۔ سارا مقصد یہی تھا؛ ہمارے ہدف کا 95 فیصد یہی تھا، اور انہوں نے (امریکی مذاکرات

کاروں نے) اسے ممکنہ حد تک بھرپور طریقے سے انجام دیا ہے"۔ ان کے یہ ریمارکس ان کے اس اعلان کے چند گھنٹے بعد سامنے آئے کہ امریکی مذاکرات کاروں نے ایران کے ساتھ جنگ کے حوالے سے ایک "عظیم سودا" (گرینڈ بارگین) حاصل کر لیا ہے، اور یہ کہ معاہدے پر دستخط ہوتے ہی آبنائے ہرمز کو باضابطہ طور پر فوری طور پر دوبارہ کھول دیا جائے گا، جو کہ بہت جلد، شاید ہفتے کے آغاز میں، یورپ میں ہو سکتا ہے۔ ان کے نائب صدر دستخطوں کی تقریب میں امریکہ کی نمائندگی کر سکتے ہیں۔

دریں اثنا، ایرانی وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے اعلان کیا کہ ان کے ملک نے "امریکہ کے ساتھ معاہدے پر دستخط کرنے کے حوالے سے ابھی تک کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا ہے، جبکہ مذاکراتی متن کا ایک بڑا حصہ مکمل ہو چکا ہے"۔ ایرانی پاسدارانِ انقلاب سے وابستہ خبر رساں ایجنسی 'تسنیم' نے تبصرہ کیا، "ٹرمپ نے گزشتہ دو مہینوں میں 38 مرتبہ ایران کے ساتھ معاہدے کے قریب پہنچنے کا اعلان کیا۔ ان کے بیانات کو تہران کی جانب سے کسی سرکاری موقف کے سامنے آنے تک احتیاط کے ساتھ لینا چاہیے"۔

یہ بیانات ٹرمپ کی جانب سے ایک بڑے حملے کی دھمکیوں کے بعد سامنے آئے ہیں۔ وہ اپنے غیر متوقع رویے کے لیے جانے جاتے ہیں، اور تاریخ میں کسی بھی صدر نے اپنی ذات اور اپنے ملک کے موقف پر اس قدر وقار اور عوامی اعتماد نہیں کھویا جتنا کہ انہوں نے۔ انہوں نے اپنی انتظامیہ کو بھی انتشار اور ابتری کا شکار کر دیا ہے، جس کے نتیجے میں وہ کوئی مستقل موقف اختیار کرنے کے قابل نہیں رہے۔ کسی بھی ریاست کا سربراہ حالات و واقعات، مذاکرات، اور فوجی و سیاسی اقدامات کے بارے میں اس وقت تک روزانہ، یا گھنٹہ وار بیانات جاری نہیں کرتا جب تک کہ صورتحال اپنی حتمی شکل اختیار نہ کر لے۔

12 جون 2026 کو امریکی نیوز ویب سائٹ 'ایکسیاس' نے ایک امریکی اہلکار کے حوالے سے بتایا کہ اس معاہدے کے نکات میں لبنان سمیت 60 دنوں کے لیے جنگ بندی میں توسیع؛ اس دوران جوہری مذاکرات کی بحالی؛ بغیر کسی فیس کے آبنائے ہرمز کو فوری طور پر دوبارہ کھولنا؛ 30 دنوں کے اندر جہاز رانی کی آمد و رفت کو جنگ سے پہلے کی سطح پر بحال کرنا؛ ایران پر عائد امریکی پابندیوں کا خاتمہ؛ جوہری ہتھیار حاصل نہ کرنے کے ایرانی عزم کی ضمانت؛ اقوام متحدہ کے معائنہ کاروں کی نگرانی میں ایران کے اندر یورینیم کی افزودگی کی سطح میں کمی؛ ایران کو عارضی طور پر پابندیوں سے استثنیٰ دینا تاکہ وہ 60 دنوں تک تیل برآمد کر سکے؛ اور تہران کی جانب سے خیر سگالی کے اظہار کی صورت میں بتدریج پابندیوں

میں نرمی شامل ہیں۔ واشنگٹن انسانی ہمدردی کی بنیاد پر اشیاء کی خریداری کے لیے ایرانی فنڈز کو اقساط میں رہا کرنے پر بھی اصرار کر رہا ہے۔

ان نکات کے ساتھ امریکہ خود کو اپنا ہدف حاصل کرنے والا نہیں سمجھتا، اور جس چیز پر دستخط کیے جائیں گے وہ حتمی معاہدہ نہیں بلکہ محض ایک مفاہمت کی یادداشت ہے۔ ٹرمپ جس بات پر ڈینگیں مار رہے ہیں، یعنی ایران کو ایٹمی ہتھیاروں کے حصول سے روکنا، وہ ان کے لیے کوئی کارنامہ نہیں ہے، کیونکہ ایران اب بھی اپنے بانی خمینی کے اس فتوے پر قائم ہے جس میں ایٹمی ہتھیاروں کے قبضے کو ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ مزید برآں، آبنائے ہرمز پہلے ہی کھلی تھی، اور یہ ٹرمپ کی جارحیت ہی تھی جس کی وجہ سے ایران نے اس پر کنٹرول حاصل کرنا شروع کیا۔ ٹرمپ یہ دکھانا چاہتے ہیں کہ انہوں نے وہاں فتح حاصل کی ہے جہاں وہ حقیقت میں ناکام رہے ہیں، وہ جنگ میں اپنے اصل مقصد سے آنکھیں چرا رہے ہیں جو کہ ایران کو امریکہ کی ایک مطیع ریاست بنانا تھا، لیکن اس کے برعکس امریکہ اور ایران کے درمیان ایک مکمل کٹاؤ پیدا ہو گیا ہے۔

ٹرمپ جنگ کی طرف لوٹنے کے بجائے معاہدے پر دستخط کرنے کے لیے زیادہ بے تاب ہیں، اگرچہ وہ مسلسل جنگ کی دھمکیاں دیتے ہیں اور سخت حملے کرنے کی باتیں کرتے ہیں۔ یہ ایران پر دباؤ ڈالنے کا ایک ذریعہ ہے تاکہ وہ کسی ڈیل پر راضی ہو جائے، اور ایسا ہی ہوا، جس نے انہیں جھکنے اور مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کرنے پر مجبور کیا۔ یہ امریکہ کی ناکامی کا ثبوت ہے۔ اس کے بعد مذاکرات شروع ہوں گے، اور دو ماہ کے اندر حتمی معاہدہ متوقع ہے۔ تاہم، یہ عمل طویل ہو سکتا ہے، اور ممکن ہے کہ اس مدت کے اندر معاہدہ طے نہ پا سکے، یا اس میں تبدیلیاں اور ترامیم ہو جائیں، کیونکہ اس میں کھینچا تانی اور سمجھوتوں کا سلسلہ چلے گا۔

تاہم، ٹرمپ اپنے پیدا کردہ اس بھنور سے خود کو نکالنا چاہتے ہیں، کیونکہ وہ اپنے بنیادی مقصد کو حاصل کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ وہ صرف ایران پر توجہ مرکوز نہیں رکھنا چاہتے، کیونکہ اس مسئلے نے امریکہ کو الجھائے رکھا اور انہیں چین جیسے دیگر اہم مسائل پر توجہ دینے سے روکے رکھا۔ وہ ایران کے معاملے میں الجھے ہوئے ہی چین کے دورے پر گئے، جہاں ان کی توجہ ایران پر دباؤ ڈالنے پر مرکوز تھی، لیکن چین نے انہیں مایوس کر دیا۔ وہ چین کے ساتھ دیگر حل طلب مسائل پر توجہ دینے سے قاصر رہے، جن میں سب سے اہم ہتھیاروں کی تیاری کو محدود کرنا ہے، خاص طور پر ایٹمی وار ہیڈز والے بین البراعظمی بیلسٹک میزائل جو امریکہ کے لیے خطرہ ہیں، اور اس کے ساتھ ساتھ معاشی مسائل،

بالخصوص تجارتی توازن، جو کہ بہت زیادہ چین کے حق میں ہے۔ ٹرمپ روس اور یوکرین میں اس کی جنگ کے مسئلے کو بھی حل نہ کرسکے، اور نہ ہی وہ ایسے معاہدوں تک پہنچ سکے جو روس اور چین کے ساتھ اس کے تعلقات، دونوں کا احاطہ کرتے ہوں۔ مزید برآں، ٹرمپ یورپی مسئلے اور گرین لینڈ پر قبضے کی اپنی کوششوں کے ساتھ ساتھ کینیڈا کو ضم کرنے کی اپنی کوششوں پر بھی توجہ نہ دے سکے۔

ایسا لگتا تھا جیسے ٹرمپ ایران پر فیصلہ کن فتح حاصل کرنا چاہتے تھے اور وہاں اپنے مقاصد کو پورا کرنا چاہتے تھے، بالکل ویسے ہی جیسے انہوں نے پاناما اور وینزویلا میں کیا تھا، تاکہ ان دیگر مسائل پر اپنی پوزیشن مضبوط کرسکیں اور اپنے اہداف کے حصول میں آسانی پیدا کرسکیں۔ انہوں نے یہ توقع نہیں کی تھی کہ ایران مزاحمت کرے گا اور وینزویلا اور پاناما کی طرح ایک مطیع ریاست بننے سے انکار کردے گا، اس طرح ان ممالک میں روسی اور چینی سرگرمیوں کو نقصان پہنچائے گا۔ ٹرمپ غزہ میں جنگ بندی کا معاہدہ کرانے میں اپنی کامیابی کی وجہ سے خوش فہمی کا شکار تھے، اور خود کو دنیا کا وہ واحد شخص سمجھتے تھے جو یہودی وجود پر اثر انداز ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

ٹرمپ نے غزہ کے لیے ایک 'امن بورڈ' تشکیل دیا جو مصر، ترکی، پاکستان، انڈونیشیا، سعودی عرب، قطر، متحدہ عرب امارات، بحرین اور دیگر ممالک کے حقیر حکمرانوں پر مشتمل تھا۔ وہ ان تمام باتوں کو ایک بڑی کامیابی سمجھتے تھے، ایک مور کی طرح اکڑ کر چلتے ہوئے انہوں نے 28 فروری 2026 کو ایران پر حملہ کیا، جس کا مقصد چند دنوں میں اپنا ہدف حاصل کرنا تھا۔ تاہم، انہیں ایک سخت رکاوٹ کا سامنا کرنا پڑا، جس سے ایک ایسی ایرانی الجھن پیدا ہوئی جسے وہ شدت سے حل کرنا چاہتے تھے تاکہ وہ دیگر مسائل کے ساتھ آگے بڑھ سکیں۔ انہیں خوف تھا کہ ان کی اپنی پیدا کردہ یہ الجھن ان کی اور ان کے ملک کی کمزوری کا باعث بن جائے گی، جس کے نتیجے میں آئندہ نومبر میں ہونے والے کانگریس کے وسط مدتی انتخابات میں ان کی پارٹی کو شکست ہوگی اور نتیجتاً دو سال بعد صدارتی انتخابات میں ریپبلکن امیدوار ہار جائے گا۔ ٹرمپ اوباما کے معاہدے سے بہتر معاہدہ حاصل کرنے کے حوالے سے ایک نفسیاتی الجھن (کمپلیکس) کا شکار ہیں، جبکہ یہ واضح ہے کہ ان کا معاہدہ اوباما کے معاہدے سے کمتر ہے۔

ٹرمپ کے لیے ایک اور دھچکا ایران کی جانب سے بالمشافہ دستخطوں کے لیے وفد بھیجنے سے انکار کی صورت میں سامنے آیا۔ معاہدے پر الیکٹرانک طریقے سے دستخط کیے جائیں گے، کیونکہ ایران نہیں چاہتا کہ اس کے وفد کو دستخط کے بعد امریکی وفد سے ہاتھ ملاتے ہوئے دیکھا جائے۔ ایران امریکیوں کو دشمن سمجھتا ہے، جنہوں نے اس پر جارحیت کی، اس

کے سپریم لیڈر اور دیگر اہم شخصیات کو قتل کیا۔ ایران یہ نہیں دکھانا چاہتا کہ اس نے ان کے ساتھ مفاہمت کرلی ہے اور ان کے ذلت آمیز مطالبات کے آگے ہتھیار ڈال دیے ہیں۔

ٹرمپ 14 جون 2026 کو معاہدے پر دستخط کرنے کے خواہشمند تھے کیونکہ یہ ان کی 80 ویں سالگرہ کا دن ہے۔ ایران ان کی اس خواہش سے آگاہ ہے، یہی وجہ ہے کہ اس نے اس تاریخ کو دستخط ہونے کی تصدیق نہیں کی، جیسا کہ اس کی وزارتِ خارجہ کے ترجمان نے بیان دیا۔ ایران انہیں خوش کرنا نہیں چاہتا تاکہ یا تو بدلہ لے سکے یا ان سے مراعات حاصل کر سکے۔

ٹرمپ کے خادم، پاکستانی وزیراعظم شہباز شریف نے 13 جون کو ایکس (ٹویٹر) پلیٹ فارم کے ذریعے تصدیق کی کہ، "ہم امن معاہدے کے پہلے سے کہیں زیادہ قریب ہیں۔ اگلے 24 گھنٹوں میں حتمی شکل دیے جانے کے امکان کے ساتھ، پاکستان اس کے فوراً بعد امن معاہدے پر الیکٹرانک دستخطوں کی تیاری کر رہا ہے، جس کے بعد اگلے ہفتے تکنیکی سطح کے مذاکرات ہوں گے"۔

یہ امریکہ کی اصل حقیقت کو بے نقاب کرتا ہے: جو کوئی بھی اس کے خلاف ثابت قدم رہتا ہے، قطع نظر اس کے کہ امریکہ کون سے ہتھیار استعمال کرتا ہے اور کتنا نقصان پہنچاتا ہے، وہ امریکہ کو شکست دے سکتا ہے۔ اس بات کو لوگوں کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے کہ وہ عملی اقدام کریں اور خطے میں امریکی اڈوں کی بندش کا مطالبہ کریں تاکہ امریکہ کی فوجی موجودگی ختم ہو، اور اس کے ذلیل غلاموں کا تختہ الٹ کر اس کے سیاسی اثر و رسوخ کے خاتمے کی راہ ہموار کی جائے، اور خلافتِ راشدہ کے قیام کی راہ ہموار کی جائے جو امریکی صدر کی ناک، اس کے تکبر اور اس کے فیصلوں کو اسی طرح خاک میں ملا دے گی جیسے اس کے پیشرو رومی شہنشاہوں کی ناک کل خلافت نے خاک میں رگڑی تھی۔

سوال کا جواب

اقتصادی فورم کے اجلاس کے دوران روس پر یوکرین کے حملے

(ترجمہ)

سوال: الجزیرہ نیٹ نے 2026/6/10 کو رپورٹ کیا: (یوکرینی صدر زیلنسکی نے بدھ کے روز اعلان کیا کہ ان کے ملک نے گزشتہ رات ماسکو سے سینکڑوں کلومیٹر مشرق میں واقع ایک روسی فوجی تنصیب کو یوکرین کے بنے ہوئے میزائلوں سے نشانہ بنایا، اس دعوے کو روس نے بھی تسلیم کیا ہے، ساتھ ہی یہ بھی اعلان کیا کہ اس نے ملک کے مختلف حصوں میں سینکڑوں یوکرینی ڈرونز کو فضا ہی میں ناکارہ بنا دیا ہے...)

۔سی این این عربی نے 2026/6/6 کو رپورٹ کیا تھا: (یوکرین نے ہفتے کی صبح سویرے سینٹ پیٹرزبرگ پر ڈرونز کے ذریعے بڑے پیمانے پر حملہ کیا، یہ حملہ شہر میں روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کی میزبانی میں منعقد ہونے والے بڑے اقتصادی فورم کے اجلاس کے آخری دن کیا گیا۔ روس کے دوسرے بڑے شہر کو "بڑے پیمانے پر فوجی ڈرونز کے حملے" کا نشانہ بنایا گیا)۔ یوکرین کا یہ حملہ روس کی جانب سے اسی شہر میں منعقدہ بڑے اقتصادی فورم کے آخری دن ہوا، جو ڈیوس فورم کے مشابہ ہے۔ روس کے اندر گہرائی تک پہنچنے والے یوکرین کے ان اہم حملوں کے کیا اثرات ہیں، جو اس کے دوسرے اہم ترین شہر سینٹ پیٹرزبرگ میں کانفرنسوں کے دوران بھی جاری رہے؟ کیا یہ روس کی ایک نئی حقیقت کو ظاہر کرتا ہے،

یعنی ایک ایسی عالمی طاقت جو بڑی طاقتوں میں شمار ہوتی تھی، اب ایک درمیانے درجے کی طاقت اور اثر و رسوخ رکھنے والے ملک میں تبدیل ہو رہی ہے؟۔

جواب: مندرجہ بالا سوالات کے جواب کے لیے، ہم درج ذیل امور کا جائزہ لیں گے:

1- اس حملے کے حوالے سے... الجزیرہ نیٹ نے 10/6/2026 کو جو کچھ شائع کیا اور سی این این عربی نے 6/6/2026 کو جو رپورٹ دی، وہ اس حقیقت کی واضح عکاسی ہے جس میں روس آج خود کو پاتا ہے، بالخصوص روس کے دوسرے اہم ترین شہر میں اقتصادی فورم کے اجلاس کے دوران اس پر ہونے والے یوکرینی حملے!

مزید برآں، یہ حملہ نہ صرف فورم کے اختتام پر ہوا بلکہ اس کے آغاز میں بھی دیکھنے میں آیا![یوکرینی افواج نے شہر میں منعقدہ بین الاقوامی اقتصادی فورم کے آخری دن سینٹ پیٹرزبرگ پر گولہ باری کی...روسی بین الاقوامی اقتصادی فورم کے پہلے دن، بدھ کو، ایک آئل ریفائنری پر حملے کے بعد قدیم شہر کے اوپر آسمان میں دھوئیں کے بادل بلند ہوئے۔ تقریب میں پہنچنے والے مہمانوں کا استقبال پس منظر میں سیاہ دھوئیں کے ایک ستون نے کیا... مڈل ایسٹ، 6/6/2026]۔

2-اس قسم کا بڑے پیمانے پر اور طاقتور حملہ، جو نہ صرف یوکرین کے ساتھ ملحقہ سرحدوں بلکہ روس کی گہرائی میں واقع کلیدی تنصیبات اور شہروں کو نشانہ بناتا ہے، اور وہ بھی روس کے ایک بڑے ایونٹ—سینٹ پیٹرزبرگ بین الاقوامی اقتصادی فورم—کے موقع پر جس میں صدر پیوٹن بذاتِ خود شریک ہیں، روس کے لیے ایک سنگین چیلنج کی نمائندگی کرتا ہے۔ یوکرین نے جنگ کے آغاز میں روس کے ساتھ اپنی سرحدوں سے باہر کسی بھی قسم کے حملے کرنے سے گریز کیا تھا۔ پھر اس نے سرحد پار حملے شروع کیے اور بتدریج اپنے حملوں میں تیزی لائی، یہاں تک کہ وہ خود کریملن تک جا پہنچا اور سائبیریا کی گہرائی میں واقع فضائی اڈوں کو نشانہ بنایا، جس سے روس کے اسٹریٹجک طیارے تباہ ہوئے، جن میں "وائٹ سوان" بمبار طیارے بھی شامل ہیں جو روس کی جوہری تثلیث (nuclear triad) کا حصہ ہیں۔ قریب اور دور کے روسی شہروں پر اس کے حملے نہیں رکے۔ اب وہ دارالحکومت ماسکو اور سینٹ پیٹرزبرگ پر حملے کر رہا ہے، جو روس کے لیے بے پناہ اہمیت کا حامل شہر ہے اور زار کے دور کے خاتمے اور اشتراکی دور کے آغاز میں دارالحکومت رہا ہے۔ یہ حملہ روس کے لیے ایک انتہائی اہم بین الاقوامی ایونٹ کے دوران ہوا، ایک ایسا فورم جسے ڈیوس فورم کی طرز پر بنایا گیا ہے، جس کا مقصد بین الاقوامی سطح پر بالخصوص معاشی میدان میں روس کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔ روس کے لیے یہ بین الاقوامی اقتصادی

تقریب اس کی عظمت کے احساس کی علامت ہے۔ چنانچہ، فورم کے آغاز پر یوکرین کا پہلا حملہ، اس کے اختتام پر دوسرا، اور اس کے بعد ہونے والے حملے، سب روسی عظمت کے اس احساس کو چکنا چور کرنے کی نمائندگی کرتے ہیں۔ یہ ایسا ہی ہے جیسے یوکرین کے پیچھے امریکہ یا یورپ جیسی کوئی طاقتور قوت کھڑی ہے جو روس کو یہ بتانا چاہتی ہے کہ وہ معاشی طور پر ایک غیر اہم قوم ہے اور اس شہر کی حفاظت کرنے سے قاصر ہے جو آپ میں عظمت کے ایسے جذبات پیدا کرتا ہے۔

3- یہ درست ہے کہ روس یوکرین پر حملے کر رہا ہے، (روس نے اتوار کے روز، چار سال سے جاری جنگ کے آغاز سے اب تک کے شدید ترین حملوں میں سے ایک میں کیف اور گردونواح پر سینکڑوں ڈرونز اور میزائلوں کی بوچھاڑ کی، اور دارالحکومت کے قریب ایک 'اوریشنک' (Oreshnik) ہائپرسونک میزائل داغا۔ رائٹرز، 24/5/2026)۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ دونوں ممالک ایک دوسرے پر حملے کر رہے ہیں، اور حالیہ یوکرینی حملہ بھی انہی جوابی کارروائیوں میں سے ایک ہے۔ تاہم، ان جوابی حملوں کی حقیقت یہ ظاہر کرتی ہے کہ روس اس بڑی طاقت کے مقام سے گر چکا ہے جس سے یوکرین جیسے ممالک ڈرتے تھے! روس اپنے گرد رعب و دبدبے کے ایک ایسے ہالے میں گھرا رہتا تھا جو یوکرین کو اس پر حملہ کرنے سے روکتا تھا۔ درحقیقت، جنگ کے آغاز میں، یوکرین نے روس کے شدید ردعمل کے خوف سے کریمیا پر حملے سے گریز کیا تھا جسے روس نے 2014 میں اپنے ساتھ ملا لیا تھا۔

4- پھر روس کا یہ وقار جنگ کے مہینوں کے دوران بتدریج ختم ہوتا گیا یہاں تک کہ یہ مکمل طور پر مٹ گیا، جس نے روس کی گہرائیوں، اس کی مقدس ترین علامتوں، اس کے پرتعیش شہروں اور انتہائی حساس اوقات میں یوکرینی حملوں کی راہ ہموار کی۔ ان دونوں حملوں کے دوران، اس سے پہلے اور بعد کے روسی بیانات اور موقف کا گہرا جائزہ روس کی شدید کمزوری کو ظاہر کرتا ہے۔ اگرچہ روس بلاشبہ یہ تسلیم کرتا ہے کہ یوکرین امریکی حمایت سے اس پر حملے کر رہا ہے، لیکن اس کے باوجود وہ امریکہ کی قربت حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ پیوٹن کے بیانات اس حقیقت کو واضح کرتے ہیں:

الف- (گزشتہ روز، صدر ولادیمیر پیوٹن نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور یوکرین میں تصفیے کو آگے بڑھانے کے لیے ان کی کوششوں کے لیے اپنے احترام کا اظہار کیا، اور ولودیمیر زیلنسکی کے ساتھ ان کے نمٹنے کے انداز کی تعریف کی۔ تصفیے کی کوششوں کے حوالے سے، روسی صدارتی معاون یوری اوشاکوف نے حال ہی میں اعلان کیا کہ وہ اپنے امریکی ہم منصب اسٹیون وٹکوف اور ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر کے ساتھ رابطے میں ہیں، اور ان کے دورہ روس کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ RT، 6/6/2026)۔

ب-(پیوٹن نے وضاحت کی کہ روس "یوکرین کے ساتھ پرامن ذرائع سے، خاص طور پر ان امور کی بنیاد پر جن پر ہم نے اینکریج میں صدر ٹرمپ کے ساتھ ملاقات میں تبادلہ خیال کیا تھا، ایک معاہدے تک پہنچنے کے لیے تیار اور مائل ہے۔" روسی صدر نے کہا کہ اینکریج میں مذاکرات کے دوران، روس کے سامنے ملک کی جانب سے کچھ مراعات دینے کے امکان سے متعلق مسائل پیش کیے گئے تھے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ "جہاں تک تصفیے کے ان حلوں کا تعلق ہے جن پر ہم نے اینکریج میں بات کی تھی، روس ان سے اتفاق کرتا ہے۔" پیوٹن نے مزید کہا، "یہ ضروری ہے کہ یوکرینی فریق بھی ان تصفیہ طلب حلوں پر اتفاق کرے۔ تب یہ تنازع جلد ہی اپنے قدرتی انجام کو پہنچ جائے گا۔" RT، 4/6/2026)۔

5- یہ سب کچھ عسکری، اقتصادی اور سیاسی میدانوں میں روس کے زوال اور کمزوری کی حد کو ظاہر کرتا ہے، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

الف- جہاں تک عسکری پہلو کا تعلق ہے، 2022 میں یوکرین کی جنگ شروع ہونے کے بعد سے، روس یوکرین کی کامیاب فوجی کارروائیوں میں اپنے درجنوں اعلیٰ سطح کے جنرلز سے ہاتھ دھو بیٹھا ہے۔ روسی فوج نے شدید نقصانات اٹھائے ہیں، جس کا ثبوت باخموت شہر کے گرد ہونے والی کٹھن لڑائیاں ہیں، اور اس سے پہلے ماریوپول کی جنگ، جہاں یوکرینی جنگجوؤں نے ایک طویل عرصے تک اسٹیل پلانٹ میں خود کو مورچہ بند کیے رکھا۔ اس سے پہلے کیف پر روس کے حملے کی عبرت ناک ناکامی، روسی فوج کو پہنچنے والی سبکی، یوکرین کی گہرائی سے اس کی واپسی، اور پھر مشرق پر توجہ مرکوز کرنے کا اس کا فیصلہ، اس کمزوری کے واضح ثبوت ہیں۔ روس نے اپنے بحرِ اسود کے بیڑے (Black Sea Fleet) کے 40 فیصد جہاز بھی کھو دیے، اور یوکرینی سرحد سے ہزاروں کلومیٹر دور شہروں میں اس کے متعدد اسٹریٹجک 'وائٹ سوان' (White Swan) طیارے تباہ کر دیے گئے، اور اس کے علاوہ بھی بہت سے نقصانات ہوئے۔

ان پسپائیوں، نقصانات اور فیصلہ کن فتح حاصل کرنے میں ناکامی نے عالمی منظرنامے پر ایک نئی حقیقت کو ثابت کر دیا ہے: روسی فوج کسی سپر پاور کی ترجمانی نہیں کرتی۔ وہ یوکرین میں جیت نہیں سکتی، اور امریکی صدر ٹرمپ نے اس پر اس وقت چوٹ لگائی جب انہوں نے کہا کہ جس جنگ کو دو ہفتوں میں حل ہو جانا چاہیے تھا، وہ بغیر کسی فتح کے چار سال سے جاری ہے۔ اس طرح، یوکرینی جنگ نے ایک ایسی حقیقت کو آشکار کر دیا ہے جو اس جنگ سے پہلے عیاں نہیں تھی: روسی فوج کی کمزوری، یا کم از کم یہ کہ اس کی طاقت کسی سپر پاور کے شایانِ شان نہیں ہے، بلکہ یہ بھارت یا پاکستان کی فوج جیسی

ایک درمیانے درجے کی فوجی طاقت کے زیادہ قریب ہے۔ تاہم، روس اب بھی ایک بڑی ایٹمی طاقت ہے، اور اس ایٹمی طاقت کا ابھی تک کسی حقیقی فوجی معرکے میں امتحان نہیں ہوا ہے۔ یوکرینی صدر زیلنسکی نے جنگ کے دوران دعویٰ کیا تھا کہ روسی ایٹمی قوت بڑے تکنیکی مسائل کا شکار ہے، جو روسی ایٹمی طاقت کی اصل حقیقت کے بارے میں شدید شکوک و شبہات پیدا کرتا ہے، حالانکہ یہ روس کی بین الاقوامی عظمت کا آخری ستون ہے۔

ب- جہاں تک معاشی پہلو کا تعلق ہے، تو کوئی بھی ملک اس وقت تک سپر پاور نہیں بن سکتا جب تک وہ معاشی طور پر کمزور ہو، اور آج کے روس کی یہی صورتحال ہے۔ اپنے وسیع و عریض رقبے اور وافر مقدار میں دستیاب زرعی وسائل، تیل، خام مال اور نایاب معدنیات کے باوجود، اس کی کل معاشی پیداوار زیادہ سے زیادہ صرف 2.5 ٹریلین ڈالر ہے، جو بین الاقوامی سطح پر آٹھویں اور دسویں درجے کے درمیان اتار چڑھاؤ کا شکار رہتی ہے۔ یہ چین اور امریکہ سے بہت پیچھے ہے جن کی معاشی پیداوار بالترتیب 20 اور 30 ٹریلین ڈالر کے قریب ہے، جبکہ جرمنی، جاپان، بھارت، برطانیہ اور فرانس جیسے بہت سے دوسرے ممالک معاشی لحاظ سے اس سے آگے ہیں، اور بعض سالوں میں تو اٹلی اور کینیڈا بھی اس سے آگے نکل جاتے ہیں۔

روسی معیشت کا تقریباً تمام تر انحصار توانائی کے وسائل اور خام مال کی برآمدات پر ہے۔ ہتھیاروں کے سوا، دنیا شاید ہی کسی ایسی مخصوص تجارتی شے کے بارے میں جانتی ہو جس کی وجہ سے روس مشہور ہو۔ جب یوکرین جنگ کی وجہ سے یورپی مالیاتی شہ رگ کٹ گئی، روسی تیل و گیس پر پابندیاں عائد کر دی گئیں اور 'نورڈ اسٹریم' پائپ لائنوں کو دھماکوں سے اڑا دیا گیا، تو روسی معیشت ایک کٹھن صورتحال سے دوچار ہو گئی۔ اس نے چین کی طرف رخ کر کے اس بحران سے نکلنے کی کوشش شروع کی، لیکن امریکی پابندیوں اور چین کے ان پابندیوں سے متاثر ہونے کے خوف نے روس کو مجبور کر دیا کہ وہ چین، بھارت اور دیگر خریداروں کو راغب کرنے کے لیے اپنا تیل کم قیمت پر فروخت کرے۔ چار سالہ جنگ کے بعد، روسی دانشوروں کی بڑی تعداد میں بیرون ملک ہجرت، اور یوکرینی محاذ پر رسد کی فراہمی کے لیے معیشت کا عسکری صنعت پر انحصار، روس کی معاشی حالت کو مزید دشوار بنا رہا ہے۔

ج- سیاسی نقطہ نظر سے: 2022 میں یوکرین کی جنگ نے روس پر شدید سیاسی تنہائی مسلط کر دی، جس نے اس کے اور بہت سے ممالک بالخصوص مغربی ممالک کے درمیان ایک بڑی رکاوٹ کھڑی کر دی اور اس کی سرگرمیوں کو محدود کر دیا۔ روس نے اپنے بہت سے بین الاقوامی تعلقات کھو دیے۔ جب امریکہ اور یہودی وجود (اسرائیل) نے ایران پر جنگ

مسلط کی، تو روس نے ایران کو کوئی قابل قدر چیز پیش نہیں کی۔ شاید سب سے اہم تعاون جو اس نے فراہم کیا، وہ سپریم لیڈر علی خامنہ ای کے انتقال پر تعزیت کا عوامی اظہار تھا۔ اس حقیقت کے باوجود کہ ایران نے یوکرین جنگ کے دوران روس کو 'شاہد' ڈرونز فراہم کیے تھے، روس امریکہ اور اسرائیل کے بڑے حملوں کے خلاف ایران کی استقامت کو مضبوط بنانے کے لیے کچھ بھی کرتا ہوا نظر نہیں آیا۔ سیاسی طور پر، اگر ایران امریکی مدار سے نکل کر آزادی کی راہ اختیار کرنا چاہے، تو روسی پالیسی کی کمزوری کی وجہ سے اس کا الحاق روس کے ساتھ نہیں ہوگا۔ اگر روس کے پاس ایک عظیم طاقت کے شایانِ شان سیاسی بصیرت ہوتی، تو وہ پہل کرتا اور امریکہ کی جانب سے یوکرین کو روسی بحرِ اسود کے بیڑے کے جہاز ڈبونے میں مدد دینے کے جواب میں، امریکی جہازوں کو ڈبونے میں ایران کی مدد کرتا، جس سے وہ ایران کے اندر کافی اثر و رسوخ حاصل کر لیتا۔ لیکن اس کی ناکامی اس کی پالیسی کی کمزوری کی تصدیق کرتی ہے اور یہ کہ اس کی پالیسی محض درمیانے درجے کی طاقتوں کی سطح کی ہے، جو کسی ایسے ملک کے شایانِ شان نہیں جس نے اپنی بین الاقوامی حیثیت بہتر بنانے کے لیے یوکرین میں جنگ چھیڑی ہو!

6- خلاصہ یہ ہے کہ روسی عظمت کے محرکات بکھرنا شروع ہو گئے ہیں، اور درحقیقت ان کا زوال شروع ہو چکا ہے۔

بالعموم مغربی ممالک اور بالخصوص امریکہ کے ایماء پر کیے گئے یوکرینی حملے روس کے لیے ایک نازک وقت پر ہوئے، جو سینٹ پیٹرزبرگ بین الاقوامی اقتصادی فورم کے وقت کے ساتھ ہم آہنگ تھے۔ ان حملوں سے پہلے روسی فوج کی کمزوری اور اس کے ان جنگی بحری جہازوں کے ڈوبنے کے واقعات پیش آئے جو روسی عوام کے لیے باعثِ فخر ہیں، جیسے کہ بحرِ اسود کے بیڑے کا فلیگ شپ، بڑا کروزر "ماسکووا"۔ متعدد "وائٹ سوان" طیاروں کے مار گرائے جانے نے روس کی فضائی طاقت کے ایک ستون کو پاش پاش کر دیا ہے۔ بین الاقوامی فورم کی میزبانی کرنے والے شہر پر حالیہ حملہ روسیوں کے لیے ایک واضح یاد دہانی ہے کہ ان کی عظمت کا احساس ان کی معاشی کمزوری کے ساتھ میل نہیں کھاتا۔ درحقیقت، روس ایک ایسی بین الاقوامی تقریب کی میزبانی کر رہا ہے جس کا وہ تحفظ کرنے سے بھی قاصر ہے۔ مزید برآں، بیلاروس کے ساتھ تعلقات کے استثناء کے ساتھ، اس کے بین الاقوامی تعلقات بگڑ رہے ہیں اور لڑکھڑا رہے ہیں۔ یہاں تک کہ روس کی چین تک رسائی اور نام نہاد روسی-چینی اتحاد بھی ناکام ہو گئے ہیں۔ چین اپنے تزویراتی (اسٹریٹجک) معاہدے اور برکس (BRICS)، شنگھائی تعاون تنظیم اور دیگر اداروں میں اتحاد کے باوجود بحران کے وقت روس کی مدد کے لیے نہیں آیا۔ یہ اتحاد بڑی حد تک علامتی ثابت ہوئے ہیں اور زوال و عدم استحکام کے بعد (روسی عظمت کی بحالی) کے لیے کسی حقیقی جوہر سے عاری رہے ہیں۔

آخر میں، اگرچہ کمزوری اور عدم استحکام میں روس مغربی ممالک اور خاص طور پر امریکہ سے بازی لے گیا ہو، لیکن تمام کافر استعماری طاقتیں اپنی اپنی ناکامیوں کا بوجھ خود اٹھائے ہوئے ہیں۔ انشاء اللہ، خلافتِ راشدہ کے قیام کے ساتھ ہی یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جائے گی، جو اسلامی ریاست، یعنی نبوت کے نقشِ قدم پر قائم خلافت، کی طاقت کے سامنے شاہانِ فارس اور قیصرِ روم کے زوال کی تاریخ کو ایک بار پھر زندہ کر دے گی۔ یہ قومیں، اگرچہ خلافت کے خاتمے کے بعد دوبارہ سنبھل گئی ہوں گی، لیکن 'القوی العزیز' کی جانب سے وعدہ کردہ خلافت کے قیام کے ساتھ ہی ان کا زوال ناگزیر ہے۔

[وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ] "اللہ نے تم میں سے ان لوگوں سے جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک اعمال کیے، وعدہ فرمایا ہے کہ وہ انہیں زمین میں ضرور اپنا جانشین (خلیفہ) بنائے گا جیسا کہ اس نے ان سے پہلے لوگوں کو بنایا تھا۔" (سورۃ النور: 55)

اور اللہ کے سچے اور امین رسول ﷺ نے ہمیں خوشخبری دی ہے کہ یہ خلافت اس جابرانہ دور کے بعد دوبارہ لوٹے گی جس میں ہم جی رہے ہیں: امام احمد نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«...ثُمَّ تَكُونُ مُلْكاً جَبْرِيَّةً فَتَكُونُ مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ تَكُونَ، ثُمَّ يَرْفَعُهَا إِذَا شَاءَ أَنْ يَرْفَعَهَا، ثُمَّ تَكُونُ خِلَافَةً عَلَى مِنْهَاجِ النُّبُوَّةِ ثُمَّ سَكَتَ» "...پھر جابرانہ بادشاہت ہوگی، اور وہ اللہ کے حکم سے جب تک اللہ چاہے گا رہے گی، پھر جب اللہ اسے ختم کرنا چاہے گا تو ختم کر دے گا، پھر نبوت کے طریقے پر خلافت قائم ہوگی، پھر آپ ﷺ خاموش ہو گئے۔" اور یہ ہو کر رہے گا، انشاء اللہ۔

[وَاللَّهُ غَالِبٌ عَلَى أَمْرِهِ وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ] "اللہ اپنے معاملے پر غالب ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔" (سورۃ یوسف: 21)

26 ذوالحجہ 1447ھ

12 جون 2026ء

اے مسلم افواج، تم جوابدہ ہو

اے مسلمان افواج کے افسرو اور سپاہیو:

تم اپنے لوگوں کی تکالیف سے اتنے بے نیاز کیوں ہو؟ جب تم سے کہا جاتا ہے کہ "اللہ کی راہ میں نکلو،" تو تم بوجھل ہو کر زمین سے چمٹ کر کیوں رہ جاتے ہو؟ جب تم سے کہا جاتا ہے کہ "مبارک سرزمینِ فلسطین کی آزادی کے لیے اٹھو،" تو تم کیوں اپنے کپڑوں میں منہ چھپا لیتے ہو اور منہ موڑ لیتے ہو؟ تم کب تک ہمارے شہداء کے خون کو محض اعداد و شمار سمجھتے رہو گے، اور اپنی کندھوں پر موجود اس عظیم امانت کا بوجھ محسوس کرنا کب شروع کرو گے؟

اللہ کی قسم، تم واقعی جوابدہ ہو، اور خون کا ہر قطرہ اس عظیم دن تمہارا گریبان پکڑے گا جب دل خوف سے مغلوب ہوں گے اور آنکھیں دہشت سے کھلی رہ جائیں گی۔ اس دن کوئی حکمران یا عہدیدار تمہیں ذرہ برابر فائدہ نہیں پہنچا سکے گا۔ بلکہ تم مر جاؤ گے اور فرشتے تمہاری روحیں قبض کرتے ہوئے کہیں گے: ﴿وَلَقَدْ جِئْتُمُونَا فُرَادَىٰ كَمَا خَلَقْنَاكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَتَرَكْتُم مَّا خَوَّلْنَاكُمْ وَرَاءَ ظُهُورِكُمْ وَمَا نَرَىٰ مَعَكُمْ شُفَعَاءَكُمُ الَّذِينَ زَعَمْتُمْ أَنَّهُمْ فِيكُمْ شُرَكَاءُ ۚ لَقَد تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنكُم مَّا كُنتُمْ تَزْعُمُونَ﴾

"اور تم ویسے ہی اکیلے ہمارے پاس آگئے جیسا کہ ہم نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا، اور جو کچھ ہم نے تمہیں (دنیا میں) دیا تھا وہ سب تم اپنے پیچھے چھوڑ آئے، اور ہم تمہارے ساتھ تمہارے ان سفارشیوں کو نہیں دیکھتے جن کے بارے میں تمہارا دعویٰ تھا کہ وہ تمہارے معاملے میں (اللہ کے) شریک ہیں؛ یقیناً تمہارے باہمی تعلقات ٹوٹ گئے اور جن دعووں میں تم مگن تھے وہ سب تم سے گم ہو گئے۔" (سورۃ الانعام: آیت 94)

لہٰذا اس دنیا اور آخرت کی عزت و سربلندی کی طرف آگے بڑھو، اور اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے اس فرمان کو یاد رکھو جس نے فرمایا: ﴿**يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا مَا لَكُمْ إِذَا قِيلَ لَكُمُ انفِرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ اثَّاقَلْتُمْ إِلَى الْأَرْضِ أَرَضِيتُم بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا مِنَ الْآخِرَةِ فَمَا مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا قَلِيلٌ * إِلَّا تَنفِرُوا يُعَذِّبْكُمْ عَذَاباً أَلِيماً وَيَسْتَبْدِلْ قَوْماً غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوهُ شَيْئاً وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ**﴾ "اے ایمان والو! تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ جب تم سے اللہ کی راہ میں نکلنے کے لیے کہا جاتا ہے تو تم بوجھل ہو کر زمین سے چمٹ جاتے ہو؟ کیا تم نے آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی کو پسند کر لیا ہے؟ حالانکہ دنیا کی زندگی کا فائدہ آخرت کے مقابلے میں بہت ہی کم ہے * اگر تم (جہاد کے لیے) نہیں نکلو گے تو وہ تمہیں دردناک عذاب دے گا اور تمہاری جگہ کسی اور قوم کو لے آئے گا، اور تم اسے ذرہ برابر نقصان نہ پہنچا سکو گے۔ اور اللہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے۔" (سورۃ التوبہ: آیات 38-39)

ریاستِ خلافت میں انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشنز ٹیکنالوجی

(اطلاعات ومواصلات کی ٹیکنالوجی)

انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشنز ٹیکنالوجی (آئی سی ٹی) کا یہ شعبہ اصل میں کفارِ مغرب نے قائم کیا، پروان چڑھایا اور اسے ترقی دی ہے۔ اس کی بنیادیں، ڈھانچہ اور اصول مغربی عالمی نقطہ نظر اور زندگی کے بارے میں اس کے مخصوص نظریے پر استوار کیے گئے ہیں۔ مغرب نے اسے دولت لوٹنے، اپنا اثر ورسوخ بڑھانے، ذہن سازی کرنے، وفادار ایجنٹ تیار کرنے، زندگی کے مختلف پہلوؤں کو خراب کرنے اور اپنا طرزِ زندگی، رویے اور اخلاقی اقدار مسلط کرنے کے لیے ایک استعماری حربے میں بدل دیا ہے۔ نتیجے کے طور پر، اس کا اثر اکثر فوجی ہتھیاروں سے بھی زیادہ گہرا اور کئی لحاظ سے زیادہ تباہ کن ثابت ہوا ہے۔

چونکہ ریاستِ خلافت کو اس شعبے کی اس کی تمام شاخوں سمیت ضرورت ہے، جو زندگی کے تقریباً ہر پہلو میں گہرائی تک سرایت کر چکے ہیں، اس لیے یہ ضروری ہے کہ اسلامی عقیدے سے ماخوذ ایک جامع عوامی پالیسی تشکیل دی جائے اور اس شعبے کی بنیادوں سے دوبارہ تعمیر کی جائے تاکہ یہ زندگی کے بارے میں اسلام کے نقطہ نظر پر مبنی ہو۔ حزب التحریر

نے اپنے ارکان کے ایک ممتاز گروپ کی کوششوں کے ذریعے بالکل یہی کام انجام دیا ہے، جس نے حال ہی میں ایک جامع کتابچہ شائع کیا ہے جس کا عنوان ہے: "ریاستِ خلافتِ راشدہ میں محکمہ اطلاعات و مواصلات کی ٹیکنالوجی (انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشنز ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ)۔"

یہ ایک اہم محکمہ ہے جس کا ریاست کے نظم ونسق اور اس کے تعلقات پر براہِ راست اثر پڑتا ہے، جبکہ یہ ریاست کے دیگر محکموں، بالخصوص محکمہ جنگ، محکمہ صنعت، محکمہ داخلی سلامتی اور محکمہ خارجہ کے ساتھ بھی قریبی روابط رکھتا ہے۔

اسی وجہ سے، عمومی طور پر ان ٹیکنالوجیز کو استعمال کرنے والوں اور خصوصی طور پر دعوتِ اسلامی کے علمبرداروں اور مستقبل کے مدبرین پر یہ لازم ہے، جو اللہ کے اذن سے خلافتِ راشدہ کی صورت میں آنے والے تہذیبی منصوبے کے استقبال کی تیاری کر رہے ہیں، کہ وہ اس تحریر کو پڑھنے، سمجھنے اور اس شعبے سے متعلق احکامات کے بارے میں لوگوں میں شعور بیدار کرنے میں جلدی کریں۔ اس سے عملی طور پر ڈیجیٹل خودمختاری کے حصول میں آسانی ہوگی، جو قومی سلامتی کے ستونوں میں سے ایک ہے، اور ہمیں استعماری کافر طاقتوں کی طرف سے مسلط کردہ ہر قسم کے تکنیکی انحصار سے خود کو آزاد کرنے کے قابل بنائے گی۔

ایسا کرنے سے ہم معلومات اور اس کے ذرائع، اس کے استعمال کے میدانوں، سافٹ ویئر اور اس کے اطلاقات، ٹیکنالوجی اور اس کے استعمال، الیکٹرانکس اور ان کے خام مال، معدنیات اور سپلائی چینز، اور یہاں تک کہ سیاروں اور ان کے مدار کے نظاموں پر بھی کنٹرول حاصل کر لیں گے۔ یہ چیزیں اب ایک مکروہ سرمایہ دارانہ نظام کی اجارہ داری میں نہیں رہیں گی جو لوگوں کو غلام بناتا ہے اور ان کے ساتھ مادی منافع کی مساوات میں محض اعداد و شمار کے طور پر سلوک کرتا ہے۔ اس کے بجائے، ہم اس بات کو یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ ٹیکنالوجی انسانیت کو اس کا وقار اور انسانی قدر و قیمت واپس لوٹائے، کیونکہ ہم ایک ایسے پیغام (رسالت) کے علمبردار ہیں جس کے سپرد اللہ کے اذن سے انسانیت کا مستقبل کیا گیا ہے۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتا ہے:﴿وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِلْعَالَمِينَ﴾"اور (اے پیغمبر) ہم نے تم کو تمام جہان کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔" (سورۃ الانبیاء: آیت 107)

حزب التحریر آپ کو ایک عظیم شرعی فریضے اور بلند مرتبت اعزاز کی طرف پکار رہی ہے

اے مسلمانو، اے نسلِ انسانی کے لیے پیدا کی گئی بہترین امت کے بیٹوں اور بیٹیوں: حالات انتہائی نازک موڑ پر پہنچ چکے ہیں، اور خشکی و تری میں فساد برپا ہو چکا ہے۔ آپ ایک تنگی اور مصیبت زدہ زندگی گزارنے پر مجبور ہو گئے ہیں، اور یہ سب صرف اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی شریعت سے آپ کے منہ موڑنے، آپ کے اقتدار کی عدم موجودگی اور آپ کی ریاست کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جانے کی وجہ سے ہے۔ اس کے نتیجے میں، آپ کے دشمن کو آپ پر غلبہ حاصل ہو گیا ہے، جو قتل و غارت، دربدری اور آپ کی مقدسات کی پامالی کے ذریعے آپ کو شدید تکالیف میں مبتلا کر رہا ہے۔

لہٰذا، اس امت کے بیٹوں اور بیٹیوں پر یہ لازم ہے، جن کے آباؤ اجداد نے کبھی دنیا کی قیادت کی تھی اور انسانیت تک نور اور ہدایت پھیلانے کے لیے شہداء کی قربانیاں دی تھیں، کہ وہ اپنے دین اور اپنی عزت کے سرچشمے کی طرف واپس لوٹ آئیں اور نبوت کے نقشِ قدم پر خلافتِ راشدہ کے قیام کے لیے خلوصِ دل سے جدوجہد کریں؛ ایک ایسی ریاست جو وقار، آزادی، نور اور ہدایت کا گہوارہ ہو، تاکہ وہ ایک عظیم نسل کے بہترین جانشین ثابت ہو سکیں۔

اس عظیم شرعی فریضے اور بلند مرتبت اعزاز کے لیے حزب التحریر آپ کو پکارتی ہے۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے انصار بن جائیں، بالکل اسی طرح جیسے رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) تھے۔ انہوں نے اپنے دلوں اور اپنے اعمال سے اسلام کو اپنایا، اور عطا، قربانی، لگن اور ایثار کی بہترین مثالیں قائم کیں۔ ایسا کر کے، آپ اس دنیا اور آخرت کی خوشیاں اور اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی وہ رضا حاصل کر سکتے ہیں جو ہر چیز سے بڑھ کر ہے۔

اللہ سبحانہ و تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿**يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَجِيبُوا لله وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيكُمْ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللهَ يَحُولُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ وَأَنَّهُ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ**﴾ "اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کے پکارنے پر حاضر ہو جایا کرو جب وہ تمہیں ایسی چیز کی طرف بلائیں جو تمہیں زندگی بخشنے والی ہے، اور جان رکھو کہ اللہ آدمی اور اس کے دل کے درمیان حائل ہو جاتا ہے اور یہ کہ تم سب اسی کی طرف جمع کیے جاؤ گے۔" (سورۃ الانفال: آیت 24)

لفظی گولہ باری اور جغرافیائی سیاسی حقائق کے درمیان: ترکیہ اور یہودی وجود کے تعلقات کس سمت جا رہے ہیں؟

تحریر: انجینئر وسام الاطرش -(ترجمہ)

ایک طرف ترک صدر اردگان، یہودی وجود کے خلاف اپنے لفظی حملوں میں تیزی لا رہے ہیں، "سرزمینِ موعود کے سراب" سے خبردار کر رہے ہیں اور اس بات پر زور دے رہے ہیں کہ ترکیہ کی سلامتی ہاتے (Hatay) سے نہیں بلکہ حلب، دمشق اور بیروت سے شروع ہوتی ہے (الجزیرہ، 10 جون 2026)، تو دوسری جانب خطہ ایک ایسے منظرنامے کا سامنا کرتا نظر آ رہا ہے جس سے یہ تاثر ملتا ہے کہ انقرہ اور تل ابیب مخالف سمتوں میں بڑھ رہے ہیں اور ایک ناگزیر تصادم کی تیاری کر رہے ہیں۔ استعمال کی جانے والی زبان اپنی شدت میں بے مثال ہے، اور باہمی الزامات روایتی تنازعات سے تجاوز کر کے علاقائی مستقبل کے تصورات پر کشمکش کی سطح تک پہنچ گئے ہیں۔

تاہم، سیاست کی تشریح محض تقاریر سے نہیں کی جا سکتی، بلکہ اس کے لیے ریاستی اداروں کے گہرے رجحانات، فوجی اتحادوں اور طویل مدتی جغرافیائی سیاسی پوزیشننگ کو دیکھنا ضروری ہے۔

یہاں اصل سوال یہ پیدا ہوتا ہے: کیا اردگان کے بیانات کسی ایسی سٹریٹیجک تبدیلی کی عکاسی کرتے ہیں جو ترکیہ کو اس نظام سے باہر نکال دے گی جس کا یہودی وجود ایک علاقائی ستون بننے کی کوشش کر رہا ہے؟ یا یہ بیانات داخلی مطالبات

اور جغرافیائی سیاسی پوزیشننگ کے حقائق کے درمیان ایک پیچیدہ تضاد کو سیاسی طور پر سنبھالنے کا ایک ذریعہ ہیں؟ ہم بیان بازی میں اس شدت کو کیسے سمجھ سکتے ہیں جو ان کے وزیر خارجہ، ہاکان فیدان کے اس بیان کے محض ایک ہفتے بعد سامنے آئی ہے جس میں انہوں نے پاکستان سے خلیج تک پھیلے ہوئے ایک علاقائی سلامتی کے ڈھانچے کی بات کی تھی، جس میں ترکیہ، سعودی عرب، مصر اور خلیجی ریاستیں شامل ہوں، اور بعد میں ایران اور یہودی وجود کو بھی شامل کیا جاسکتا ہے، بشرطیکہ وہ 1967 کی سرحدوں کے اندر فلسطینی ریاست کو تسلیم کر لیں؟

اس سوال کا جواب دینے کے لیے، ہمیں پہلے تجزیہ کی دو مختلف سطحوں کے درمیان فرق کرنا ہوگا: سیاسی بیانیے کی سطح اور ریاست کی سٹریٹیجک پوزیشننگ کی سطح۔ ریاستیں اکثر لسانی سطح پر آپس میں ٹکراتی ہیں جبکہ وہ انہی فریم ورک کے اندر کام کرنا جاری رکھتی ہیں جو انہیں متحد کرتے ہیں۔ ترکیہ اور یہودی وجود کے درمیان تعلقات کی حالیہ تاریخ اس تضاد کی ایک واضح مثال پیش کرتی ہے۔

ان کے درمیان تعلقات کا آغاز ایردگان سے نہیں ہوا تھا، اور نہ ہی یہ کبھی محض ایک عارضی سفارتی تعلق تھا۔ ترکیہ نے باضابطہ طور پر 1949 میں یہودی وجود کو تسلیم کیا۔ پھر اس نے 1952 میں نیٹو (NATO) میں شمولیت اختیار کی، جس کے نتیجے میں پینٹاگون کے ہزاروں ماہرین ترکیہ پہنچے، جو اپنے ساتھ ویسٹ پوائنٹ کا فوجی نظریہ لائے۔ یہ نظریہ مسلسل تناؤ اور الرٹ کی حالت برقرار رکھنے کے لیے بیرونی دشمنوں کی تخلیق پر مبنی ہے۔ ترکیہ تب سے امریکہ کا اتحادی اور زیرِ سرپرستی رہا ہے۔

1990 کی دہائی میں، مشرق وسطیٰ میں فوجی تعاون کے سب سے اہم محوروں میں سے ایک انقرہ اور تل ابیب کے درمیان قائم ہوا۔ 1996 میں، انہوں نے وسیع دفاعی معاہدوں پر دستخط کیے جن میں انٹیلی جنس تعاون، فوجی تربیت، ترک فوجی ساز وسامان کی جدید کاری اور مشترکہ مشقیں شامل تھیں۔ یہ محض ایک عارضی سٹریٹیجک قربت نہیں تھی، بلکہ ایک وسیع تر امریکی وژن کا عکس تھا جس نے ترکیہ اور یہودی وجود دونوں کو اس علاقائی نظام کے دو بنیادی ستون قرار دیا تھا جو سرد جنگ کے خاتمے کے بعد ابھرا تھا۔

خفیہ سفارتی رپورٹس سے یہ انکشاف ہوا ہے کہ لبنان میں یہودی سرگرمیوں کے کوآرڈینیٹر اور لبنانی معاملے پر موساد کے مرکزی مہرہ یوری لوبرانی، ترکیہ اور یہودی وجود کے درمیان سیکورٹی معاہدے کی تیاری کے پسِ پردہ ان گمنام سپاہیوں میں سے ایک تھے جنہیں منظرِ عام پر نہیں لایا گیا۔ یوری لوبرانی ایران کے معاملات کے بھی ماہر تھے، اور رابن

نے 1990 میں انہیں ترکیہ کے امور کی نگرانی کی ذمہ داری تفویض کی تھی۔ انقرہ اور تل ابیب کے درمیان سٹریٹیجک سودا فوجی تعاون کے ان جامع اقدامات کا نقطہ کمال ہے، جس میں شام اور ایران کی سرحدوں کے ساتھ ساتھ انٹیلی جنس اور نگرانی کے نیٹ ورک کا قیام بھی شامل ہے۔ اگرچہ انقرہ اور تل ابیب کے درمیان فوجی معاہدہ شمعون پیریز کی صدارت کے دوران شلر کی وساطت سے طے پایا تھا، لیکن نیتن یاہو نے شام اور ترکیہ کے درمیان پانی کے بڑھتے ہوئے بحران کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اسے شام کے خلاف ایک تصادمی رنگ دے دیا۔ وہ یہودی 'ڈیپ اسٹیٹ' کی خواہشات کے عین مطابق شام کو کمزور کرنے کے لیے سرگرمی سے کوشاں تھے، اور یہ ایک ایسی حقیقت ہے جو یہودی فوجی لٹریچر میں باقاعدہ دستاویزی طور پر محفوظ ہے۔ یہ سب کچھ اس وقت ہو رہا تھا جب یہودی وجود نے 2003 میں استنبول میں منعقدہ ایک کانفرنس میں اعلان کردہ 'عظیم تر مشرقِ وسطیٰ کے منصوبے' (Greater Middle East Project) کے لیے سنگِ بنیاد کا کردار ادا کیا تھا۔

تاہم، سب سے اہم سوال یہ نہیں ہے کہ کیا 1990 کی دہائی کا اتحاد اب بھی اپنی اصل شکل میں برقرار ہے، بلکہ یہ ہے کہ کیا وہ ساختی حالات واقعی ختم ہو چکے ہیں جنہوں نے اس اتحاد کو جنم دیا تھا؟ اس کا جواب سیاسی بیان بازی کے مقابلے میں بہت کم واضح نظر آتا ہے۔ مارچ 2022 میں یہودی وجود کے صدر اسحاق ہرزوگ نے ترکیہ کا دورہ کیا، جہاں ایردگان نے ان کے لیے سرخ قالین بچھایا اور ان کا استقبال ایک لیڈر اور ہیرو کی طرح کیا!

پھر ستمبر 2023 میں، ایردگان نے اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 78ویں اجلاس کے موقع پر نیویارک میں یہودی وجود کے وزیرِ اعظم نیتن یاہو سے ملاقات کی۔ ترک ایوانِ صدر کی رپورٹ کے مطابق، ایردگان نے نیتن یاہو کے ساتھ بین الاقوامی اور علاقائی مسائل کے علاوہ دونوں فریقین کے درمیان سیاسی و اقتصادی تعلقات اور یہودی-فلسطینی تنازع سے متعلق تازہ ترین پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا۔ ایردگان نے ایک پرامن دنیا کے لیے مل کر کام کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے اس بات کا ذکر کیا کہ ترکیہ اور یہودی وجود کے درمیان تعاون کے شعبوں میں توانائی، ٹیکنالوجی، اختراع، مصنوعی ذہانت اور سائبر سیکیورٹی شامل ہیں۔ یہاں تک کہ وزیرِ توانائی الپارسلان بائراکتار نومبر 2023 میں توانائی کے شعبے میں تعاون پر بات چیت کے لیے تل ابیب کا دورہ کرنے والے تھے، لیکن 'آپریشن طوفانِ اقصیٰ' کے واقعات نے اس غدارانہ منصوبے کی تکمیل کو روک دیا اور اس کے نفاذ کو درہم برہم کر دیا۔

قطع نظر اس کے، ترکیہ اب بھی نیٹو کا ایک کلیدی رکن ہے، اس کی دفاعی صنعتیں اب بھی مختلف درجات تک مغربی تکنیکی اور سیکورٹی ماحول میں مدغم ہیں، اور اس کی سیاسی قیادت اپنی قومی سلامتی کے لیے 'بحرِ اوقیانوس کے اتحاد' (Atlantic Alliance) کی اہمیت پر بطور ایک بنیادی فریم ورک مسلسل زور دیتی رہتی ہے۔ یہ بات قابلِ توجہ ہے کہ یہودی وجود کے خلاف ایردگان کے آتشیں بیانات ان کے اس عوامی خیر مقدم کے ساتھ سامنے آئے جو انہوں نے انقرہ میں ہونے والی آئندہ نیٹو سربراہی کانفرنس میں امریکی صدر ٹرمپ کی شرکت کے حوالے سے کیا۔ وہ ٹرمپ کی موجودگی کو اس صلیبی اتحاد کے استحکام کے لیے ایک اہم قدم قرار دے رہے ہیں (انادولو ایجنسی، 10 جون 2026)۔ یہ محض رسمی پروٹوکول کا معاملہ نہیں ہے۔

جغرافیائی سیاست کی دنیا میں، کسی ملک کی حقیقی ترجیحات ان اتحادوں سے ظاہر ہوتی ہیں جنہیں وہ ہنگامہ خیز حالات میں برقرار رکھتا ہے، نہ کہ اس بیان بازی سے جو وہ عوامی فورمز پر استعمال کرتا ہے۔ جہاں ترکیہ ایک طرف مغربی سیکورٹی ڈھانچے کے ساتھ اپنی وابستگی کی توثیق کرتا ہے، وہیں دوسری طرف یہودی وجود مشرقِ وسطیٰ کے حوالے سے مغربی حکمتِ عملی کا ایک مستقل جزو بنا ہوا ہے۔

دریں اثنا، ترک انٹیلی جنس کے سربراہ ابراہیم کالن نے مصر کا سفر کیا، اور وہ بظاہر غزہ میں رونما ہونے والے واقعات سے بے نیاز نظر آئے۔ مگر کیوں؟ تاکہ حماس کے ساتھ اس کے ہتھیار ڈالنے (غیر مسلح ہونے) کے بارے میں مذاکرات کیے جائیں، اور اس بات پر زور دیا جائے کہ مزاحمت کو غیر مسلح کرنے کے ٹرمپ کے منصوبے پر عمل درآمد ہی غزہ میں دیرپا امن وسکون کی بحالی میں معاون ثابت ہوگا۔ (یوم 7، 9 جون 2026)۔

الفاظ اور افعال کے درمیان یہ واضح تضاد ہمیں ایردگان کے حالیہ بیانات کو ایک مختلف تناظر میں دیکھنے پر مجبور کرتا ہے۔

